[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*further to amend Petroleum Act, 1934*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Petroleum Act, 1934 (XXX of 1934), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title, extent and commencement.** - (1) This Act shall be called the Petroleum (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XXX of 1934.** - In the Petroleum Act, 1934 (XXX of 1934), hereinafter called as the said Act, in section 2, in clause (ba), for the word "below", occurring for the first time, the word "of" shall be substituted.

3. **Amendment of section 4, Act XXX of 1934.** _ n the said Act, in section 4, in clause (k), the word "and" at the end shall be omitted and thereafter the following new clause shall be inserted, namely: -

"(kk) prescribing the mechanism for real-time and information technology enabled digital tracking, storage monitoring and dispensing of petroleum products at petrol stations, storage points and *en route* by coordinating actions of authorities either jointly or separately; and".

4. **Amendment of section 23, Act XXX of 1934.** - (1) In the said Act, in section 23,-

(a) in sub-section (3), for clauses (a) and (b) the following shall be substituted, namely:-

"(a) illegally imports, transports, stores, sales produce, refines or blends any petroleum shall be punishable with the fine of one million rupees; or

(b) whoever repeats offence under clause (a), shall be liable to pay fine of five million rupees.";

(b) after sub-section (3), amended as aforesaid, the following new sub-sections shall be inserted, namely: -

Ali Pervaiz Malik
Federal Minister
M/o Energy (Petroleum Division)
Government of Pakistan

"(3A) Any facility used for storage and selling of petroleum products to general public, without having obtained prior license thereof from relevant authority in terms of rules made under section 4, shall be liable to sealing and all machinery, equipment, materials, storage tanks, receptacles and petroleum products being employed or sold therein shall be liable to confiscation by the Deputy Commissioner or Assistant Commissioner, as the case may be and the owner thereof shall fine of ten million Rupees.

(3B) Any facility selling petroleum products whose license for storage granted by the Department of Explosives in form K, under the rules made in terms of section 4, has either expired or cancelled shall be allowed a grace period of six months, from the date of expiry or cancellation of such license, to get the license renewed or restored under the applicable laws failing which such facility shall be liable to closure and all machinery, equipment, materials, storage tanks, receptacles and petroleum products being employed or sold therein shall be liable to confiscation by the Deputy Commissioner or Assistant Commissioner, as the case may be and the owner thereof fine of one million Rupees:

Provided that the Department of Explosive shall renew the licenses within a month's time upon receiving the required documents and prescribed amount of fee.

(3C) Any premises or facility and it's owner licensed in terms of rules made under section 4 that is found to be involved in the storage or sale of smuggled petroleum products shall be liable to closure and all machinery, equipment, materials, storage tanks and petroleum products being employed or sold therein shall be liable to confiscation by the Deputy Commissioner or Assistant Commissioner, as the case may be, and a fine of hundred million Rupees, and the Department of Explosives shall cancel the license of such premises or facility, as the case may be.

(3D) Any means of transportation involved in transporting smuggled petroleum products, and petroleum products contained therein shall be confiscated by the appropriate officers as notified under clause (b) of section 2 of the Customs Act, 1969 (IV of 1969).

(3E) Any goods confiscated by the Deputy Commissioner or Assistant Commissioner, as the case may be, shall be handed over to appropriate Officers of Customs in accordance with the provisions of the Customs Act, 1969 (IV of 1969) and the provisions of the said act shall *mutatis mutandis* apply to the detention, seizure, adjudication and confiscation of such goods:

Provided that the confiscation proceedings may be initiated before any conviction proceedings.".

Ali Pervaiz Malik
Federal Minister
M/o Energy (Petroleum Division)
Government of Pakistan

5. **Amendment of section 24, Act XXX of 1934.-** In the said Act, in section 24, -

(a) in subsection (1), for the expression, ", the convicting Magistrate" the expression "and convicted, the Deputy Commissioner, or the Assistant Commissioner, as the case may be having jurisdiction" shall be substituted; and

(b) for sub-section (2), the following shall be substituted, namely: -

"(2) Any person aggrieved by the decision or order made under sub-section (1) may prefer an appeal before the concerned High Court within thirty days from the date of communication of such decision or order.".

6. **Amendment of section 25, Act XXX of 1934.-** In the said Act, in section 25, for the word "a Judicial Magistrate of the first class", the word "Court of Sessions" shall be substituted.

7. **Amendment of section 26, Act XXX of 1934.-** In the said Act, in section 26, in sub-section (1) for the word "seize", the expression "seal, seize" shall be substituted.

8. **Amendment of section 27, Act XXX of 1934.-** In the said Act, in section 27, for the word "in", occurring for the third time, the word "and" shall be substituted.

Ali Pervaiz Malik
Federal Minister
M/o Energy (Petroleum Division)
Government of Pakistan

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS.**
**Bill to amend the Petroleum Act, 1934**

1. The word "Below" and "in" was typed mistakenly in the Act hence corrected accordingly.
2. Inserted new Clause for IT based tracking of Petroleum products, to curb the smuggling of Petroleum products.
3. New Clauses have been added to curb the smuggling of Petroleum products and to initiate strict action against illegal transportation and decantation of Petroleum products along with actions to be taken against illegal petrol pumps.
4. New clauses have been inserted for confiscation by Officers notified as per Customs Act, 1969 and Deputy Commissioner or the Assistant Commissioner, before and after conviction, to provide for stringent administrative action against illegal activities.
5. For prompt action against dispensing/storage/transportation of illegal petroleum products, new Clause have been added for vesting the powers relating to trial of persons involved in illegal activities with the "Court of Sessions" while powers related to illegal activities in respect of petroleum products will now vest to the office of Deputy Commissioner or the Assistant Commissioner.
6. New clause has been added to provide right of appeal in the High Court.

The bill is designed to achieve the aforesaid purpose.

**(Ali Pervaiz Malik)**
Minister for Energy (Petroleum Division)

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# پٹرولیم ایکٹ، ۱۹۳۴ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پٹرولیم ایکٹ، ۱۹۳۴ء (نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء)، کی اس طریقہ کار میں اور بعدازاں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت و آغاز نفاذ:۔** (۱) اس ایکٹ کو پٹرولیم (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** پٹرولیم ایکٹ، ۱۹۳۴ء (نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء)، جس کا بعدازاں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا جائے گا، کی شق (ب الف) میں، لفظ ''کم'' پہلی دفعہ آنے پر، لفظ ''کا'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء کی، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۴ کی، شق (ک) میں، آخر میں لفظ ''اور'' حذف کردیا جائے گا اور بعدازاں حسب ذیل نئی شق شامل کردی جائے گی، یعنی:۔

''(ک ک) فی الوقت میں (رئیل ٹائم اور) اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا نظام مرتب کرنے سے اتھارٹیز کی خواہ مشترکہ یا انفرادی طور پر کارروائیوں کو مربوط کرتے، ڈیجیٹل ٹریکنگ، ذخیرے کی نگرانی اور پٹرولیم مصنوعات کی پٹرول سٹیشنوں، مقام ذخیرہ اور راستے میں آنے والی مقام پر فراہمی ممکن بنانا؛ اور''۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء کی، دفعہ ۲۳ کی ترمیم:۔** (۱) مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۲۳ کی،۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۳) میں، شقات (الف) اور (ب) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(الف) غیر قانونی طور پر کسی بھی پٹرولیم مصنوعات کی درآمد، نقل وحمل، ذخیرہ، مصنوعات کی فروخت، صفائی یا آمیزش کرنے والا دس لاکھ روپے تک جرمانے کا مستوجب ہوگا؛ اور

(ب) جو کوئی شخص شق (الف) کے تحت دوبارہ جرم کرے گا وہ پچاس لاکھ روپے تک جرمانے کی ادائیگی کرے گا۔''؛

(ب) ذیلی دفعہ (۳) کی، مذکورہ بالا طور پر ترمیم، کے بعد حسب ذیلی نئی ذیلی شقات شامل کر دی جائیں گی، یعنی:۔

''(۳الف) پٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے اور عوام الناس کو فروخت کے لیے استعمال کرنے والی کوئی بھی سہولت، دفعہ ۴ کے تحت وضع کردہ قواعد کے مطابق متعلقہ اتھارٹی سے اس کا قبل ازیں لائسنس حاصل کئے بغیر، سر بمہر کر دی جائے گی اور تمام مشنری، آلات، ساز وسامان، ذخیرہ اندوزی کرنے والے ٹینک، اور پٹرولیم مصنوعات جو وہاں زیر استعمال ہوں یا وہاں پر فروخت کی جارہی ہوں کو ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے، جیسی بھی صورت ہو، ضبط کر لیا جائے گا اور اس کے مالک کو ایک کروڑ روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

(۳ب) پیٹرولیم منصوعات فروخت کرنے والی کسی بھی سہولت جس کا دفعہ ۴ کی شرائط میں وضع کردہ قواعد کے تحت محکمہ دھماکہ خیز مواد کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے کے لیے عطاء کردہ لائسنس کی مدت ختم ہو چکی ہو یا منسوخ کر دی گئی ہو اس کو لائسنس کی مدت ختم ہونے یا اس کی منسوخی کی تاریخ سے چھ ماہ تک کی رعایتی مدت دی جائے گی، تا کہ قابل لاگو قوانین کے تحت لائسنس کی تجدید یا اس کو بحال کروا سکے مذکورہ پیٹرولیم مراکز کی جانب سے اس میں ناکامی پر وہ پیٹرولیم مرکز بند کر دیا

جائے گا اور تمام مشینری ، آلات ، ساز وسامان ، پیٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے والے مصنوعات یا فروخت ہونے والی مصنوعات ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر ، جیسی بھی صورت ہو ، ضبط کر لی جائیں گی اور اس کے مالک کو دس لاکھ روپے تک جرمانہ کیا جائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ محکمہ محصولات مطلوبہ دستاویزات کی وصولی پر اور مقررہ فیس کی رقم کی ادائیگی پر ایک ماہ کے اندر لائسنسوں کی تجدید کرے گا۔

(۳ج) دفعہ ۴ کے تحت وضع کردہ قواعد کی روح سے کوئی بھی جگہ یا احاطہ اور اس کا مالک جو اسمگل شدہ مصنوعات ذخیرہ کرنے میں یا فروخت کرنے میں ملوث ہو وہ سر بمہر کر دیا جائے گا وہ تمام مشینری ، آلات ، ساز وسامان ، پیٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے والے ٹینک اور پیٹرولیم مصنوعات جو وہاں زیر استعمال ہوں یا وہاں فروخت کی جارہی ہوں وہ ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر ، جیسی بھی صورت ہو ، کی جانب سے ضبط کر لی جائیں گی اور وہ دس کروڑ روپے جرمانے کا مستوجب ہوگا ، اور محکمہ دھماکہ خیز اس جگہ یا سہولت ، جیسی بھی صورت ہو ، کا لائسنس منسوخ کر دے گی۔

(۳د) اسمگل شدہ مصنوعات کی ترسیل میں نقل وحمل کا کوئی بھی ذریعہ اور اس میں موجود تمام پیٹرولیم مصنوعات متعلقہ افسران کی جانب سے ضبط کر لی جائیں گی جیسا کہ محصولات ایکٹ ، ۱۹۶۹ء (نمبر ۴ بابت ۱۹۶۹ء) کی دفعہ ۲ کی شق (ب) کے تحت مشتہر کیا گیا۔

(۳ہ) ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر ، جیسی بھی صورت ہو ، کی جانب سے ضبط کردہ کوئی بھی اشیاء محصولات ایکٹ ۱۹۶۹ء (نمبر ۴ بابت ۱۹۶۹ء) کے احکامات کے مطابق کسٹم کے متعلقہ افسران کو حوالے کی جائیں گی اور مذکورہ ایکٹ کے احکامات مناسب تبدیلیوں کے ساتھ مذکورہ اشیاء کی تحویل ، ضبطگی ، فیصلے اور قرقی پر لاگو ہوں گی:

مگر شرط یہ ہے کہ قرقی کارروائی سزا کی کارروائی سے قبل کی جائے گی۔''۔

**۵۔ ایکٹ نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء کی، دفعہ ۲۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں ،دفعہ ۲۴ میں،۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت ''سزا دہندہ مجسٹریٹ'' عبارت ''اور سزا یاب، ڈپٹی کمشنر، یا اسسٹنٹ کمشنر، جیسی بھی صورت ہو جو اختیار سماعت رکھتے ہوں سے تبدیل کی جائے گی؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲)، حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی؛ یعنی:۔

''(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت فیصلے سے متاثرہ کوئی بھی شخص مذکورہ فیصلے یا حکم کی تاریخ کے ابلاغ سے تیس دنوں کے اندر متعلقہ عدالت عالیہ میں اپیل دائر کر سکے گا۔''

**۶۔ ایکٹ نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء کی، دفعہ ۲۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۵ میں، لفظ ''عدالتی مجسٹریٹ درجہ اول'' لفظ ''عدالت سیشن'' سے تبدیل کیا جائے گا۔

**۷۔ ایکٹ نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء کی، دفعہ ۲۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۶ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں لفظ ''قبضہ کرنا'' عبارت ''مہر بند کرنا، قبضہ کرنا'' سے تبدیل کیا جائے گا۔

**۸۔ ایکٹ نمبر ۳۰ بابت ۱۹۳۴ء کی، دفعہ ۲۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۷ میں، لفظ ''اندر'' جو تین دفعہ آ رہا ہے، لفظ ''اور'' سے تبدیل کیا جائے گا۔

# بیان اغراض ووجوہ

## پیٹرولیم ایکٹ، ۱۹۳۴ء میں ترمیم کا بل

۱۔ لفظ ''نیچے'' اور ''اندر'' اس ایکٹ میں غلطی سے ٹائپ کئے گئے تھے لہٰذا بحسبہ درست کئے گئے۔

۲۔ پیٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ کو روکنے کے لیے پٹرولیم مصنوعات، کی آئی ٹی کی بنیاد پر ٹریکنگ کے لیے نئی شق کا اندراج کیا گیا ہے۔

۳۔ پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ کو روکنے اور پٹرولیم مصنوعات کی غیر قانونی نقل وحمل اور ان کی صفائی کے خلاف سخت کارروائی کا آغاز کرنے کے ساتھ ساتھ غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کے لیے نئی شقات کا اضافہ کیا گیا ہے۔

۴۔ کسٹم ایکٹ ۱۹۶۹ء کے مطابق نامزد کردہ افسران اور ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر کے ذریعے سزایابی سے قبل یا بعد میں ضبطی کے لیے، غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائیوں کے اہتمام کے لیے نئی شقات کا اندراج کیا گیا ہے۔

۵۔ غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات کی نقل وحمل/ذخیرہ اندوزی/ترسیل کے خلاف فوری کارروائی کے لیے، غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے ٹرائل سے متعلق اختیارات ''عدالت سیشن'' کو تفویض کرنے کے لیے نئی شق کا اضافہ کیا گیا ہے جب کہ پٹرولیم مصنوعات کے حوالے سے غیر قانونی سرگرمیوں سے متعلق اختیارات اب ڈپٹی کمشنر یا اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر کو عطاء کیے گئے ہیں۔

۶۔ عدالت عالیہ میں اپیل کے حق کے لیے نئی شق کا اضافہ کیا گیا ہے۔

بل کا مقصد مندرجہ بالا اغراض کا حصول ہے

**علی پرویز ملک**

وزیر توانائی (پٹرولیم ڈویژن)